دفتر برائے تعلقات عامہ ومیڈیا کوآرڈی نیشن

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی

پریس ریلیز

8 نومبر،2018

# جامعہ ملیہ اسلامیہ میں اسلامک آرٹس اور آرکیٹیکچر پر بین الاقوامی سیمنار

نئی دہلی: جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈپارٹمنٹ آف آرکیٹیچر اینڈ اکسٹکس کی جانب سے 11 سے 13 نومبر تک ایک بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد کیا جارہا ہے۔

اس کانفرنس میں اسلامک آرٹ اور آرکی ٹیکچر پر بین الاقوامی سطح پر اس کی صورتحال، اس میدان میں تعلیم، تحقیق اور ماہرین کے کارناموں پر تبادلہ خیال ہوگا۔

کانفرنس میں اس موضوع سے متعلق تقریبا تمام ہی موضوعات پر غور وخوض کیا جائے گا جس میں بطور خاص وژول آرٹ، پرفارمنگ آرٹ، سائنس اینڈ ٹکنالوجی، آرکی ٹیچر اور اکسٹس وغیرہ شامل ہیں۔

اس موقع پر ایک کتاب کا بھی اجرا عمل میں آئے گا، جس کا نام ''اسلامک آرکی ٹیکچر پرسپشن اینڈ پیراڈاکس'' ہے۔ اس کتاب کے مصنف پروفیسر ایس ایم اختر ہیں، جو اس شعبہ کے صدر بھی ہیں۔ اس کتاب میں جملہ آرٹ اور اکسٹس سے متعلقہ مباحث کا احاطہ کیا گیا ہے۔

کتاب کے مطابق اسلامک آرکی ٹیچر اسلامی فلسفہ کے مقابلہ میں کافی مختلف ہے، دونوں کے درمیان کافی بعد بھی ہے۔ کانفرنس میں ان تمام مباحث پر بات چیت ہوگی جس میں ان میدانوں کے ماہرین اپنی تحقیق اور تجربات سے سامعین کو روشناس کرائیں گے۔

اس کانفرنس میں دنیا بھر کے ماہرین شرکت کررہے ہیں جو اسلامک آرکی ٹیکچر اور نئے زمانے کے چیلنجز پر اپنی بات رکھیں گے۔

جاری کردہ

احمد عظیم

پی آر او اینڈ میڈیا کوآرڈینیٹر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی